HBL

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Road
Stock Exchange Building
Karachi.

March 8, 2022

Dear Sir,

Subject: **<u>Notice of 80th Annual General Meeting of Habib Bank Limited</u>**

Please find attached the Notice of 80th Annual General Meeting of Habib Bank Limited to be held on March 30, 2022 that will be published in Business Recorder and Daily Jang on Wednesday, March 9, 2022 for circulation among the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Yours faithfully,

Neelofar Hameed
Company Secretary

Encl: as above

CC:

- *Executive Director / HOD, Off Site – II Department, Supervision Division, Securities & Exchange Commission of Pakistan.*

Habib Bank Limited
(Registered Office)
9th Floor,
Habib Bank Tower,
Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad

Phone 051-2270856
051-2821183
Fax 051-2872205
www.hbl.com

HBL HABIB BANK حبیب بینک

Notice of Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 80th Annual General Meeting of Habib Bank Limited will be held on Wednesday, March 30, 2022 at 10:00 a.m. at HBL Tower, Islamabad, to transact the following business:

Ordinary Business:

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts (consolidated and unconsolidated) of the Bank for the year ended December 31, 2021, together with the Reports of the Directors and Auditors thereon.
2. To appoint Auditors for a term ending at the conclusion of the next Annual General Meeting at a fee of Rs. 37.086 million. In addition, any Federal or Provincial taxes and reimbursements of out of pocket expenses will be paid at actuals. The retiring Auditors, KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for reappointment.
3. To approve payment of a Final Cash Dividend of Rs. 2.25 per share, i.e. 22.5% for the year ended December 31, 2021, as recommended by the Board of Directors to Shareholders as at close of business on March 22, 2022, which is in addition to the 52.5% Interim Cash Dividend (i.e. Rs. 5.25/- per share) already paid.

Special Business:

4. To approve and authorise the purchase of entire shareholding of Allied Bank Limited ("ABL") in Habib Allied Holding Limited, UK ("HAHL"), subject to approval of the State Bank of Pakistan.

   HAHL, UK is a subsidiary of Habib Bank Limited ("HBL"). Currently, HBL holds 90.50% of shareholding in HAHL, while the remaining 9.5% shareholding is owned by Allied Bank Limited. HBL proposes to purchase ABL's entire 9.5% shareholding in HAHL, this will result in HAHL becoming a wholly owned subsidiary of HBL. Also, HAHL is the holding company of HBL Bank UK. Subsequent to the acquisition of the proposed shareholding from ABL, HAHL will be a wholly owned subsidiary of HBL. This will enable HBL to collapse the two entities (HAHL & HBL Bank UK) as one, which would simplify the statutory compliance and enhance operational efficiency by reducing one layer.

   For the aforesaid purpose to consider, and if deemed fit, to pass the following Resolution as a Special Resolution with or without modification:

   "**RESOLVED THAT** the Habib Bank Limited ("the Bank") be and is hereby authorised to purchase 9.5% shares of Habib Allied Holding Limited ("HAHL") from Allied Bank Limited ("ABL"), subject to approval of the State Bank of Pakistan."

   "**RESOLVED FURTHER THAT** for the purpose of giving effect to the above Resolution, the Board of Directors of the Bank or such person or persons as may be authorised by the Board of Directors of the Bank, be and each of them is hereby authorised to do all such acts, deeds and things and to execute and deliver for and on behalf and in the name of the Bank all such deeds, agreements, declarations and undertakings as may be necessary or required or as they or any of them may think fit for or in connection with the aforesaid investment, including without limiting the generality of the foregoing, any approval, sanction or permission required thereof or in connection therewith."

For Agenda 4, the information as required under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 is being sent to the shareholders.

The Directors of the Bank have no direct or indirect interest in the above-mentioned resolutions except in their capacity as Directors of the Bank.

Any Other Business:

5. To consider any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

March 9, 2022
Karachi

Neelofar Hameed
Company Secretary

Notes:

1. The Register of Members and the Share Transfer Books will be closed from March 24, 2022 to March 30, 2022 (both days inclusive) for the purpose of the Annual General Meeting.
2. Only those persons whose names appear in the Register of Members of the Bank as at March 22, 2022 are entitled to attend and vote at the Annual General Meeting.
3. A Member entitled to attend and vote at the Annual General Meeting may appoint another Member as his/her proxy to attend and vote for him/her provided that a corporation may appoint as its proxy a person who is not a Member but is duly authorised by the corporation. Proxies must be received at the Registered Office of the Bank not less than 48 hours before the time of the holding of the Annual General Meeting.
4. Members are requested to notify immediately any changes in their registered address to our Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House 99-B, Block 'B', Sindhi Muslim Cooperative Housing Society (S.M.C.H.S), Main Shahra-e-Faisal, Karachi - 74400.
5. CDC Account Holders will further have to follow the under-mentioned guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.
6. Pursuant to Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 and Finance Act, 2021 withholding tax on dividend income will be deducted for 'Filer' and 'Non-Filer' shareholders at 15% and 30% respectively. All shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of Federal Board of Revenue (FBR), despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names along with their valid CNICs/ NTNs are entered into ATL before the date of payment of cash dividend i.e., March 30, 2022; enabling the Bank to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 15% instead of 30%.

   According to the FBR, withholding tax in case of joint accounts will be determined separately based on the 'Filer/ Non-Filer' status of the principal shareholder as well as the status of the joint holder(s) based on their shareholding proportions. Members that hold shares with joint shareholders are requested to provide the shareholding proportions of the principal shareholder and the joint holder(s) in respect of shares held by them to our Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited in writing. In case the required information is not provided to our Registrar it will be assumed that the shares are held in equal proportion by the principal shareholder and the joint holder(s).

A. Requirements for attending the Annual General Meeting:

(i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder whose registration details are uploaded as per the Central Depository Company of Pakistan Limited Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her valid original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Annual General Meeting.
(ii) In case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney, with specimen signature of the nominee, shall be produced at the time of the Annual General Meeting, unless it has been provided earlier.

B. Requirements for appointing Proxies:

(iii) In case of individuals, the account holder or sub-account holder whose registration details are uploaded as per the Central Depository Company of Pakistan Limited Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
(iv) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
(v) Attested copies of the valid CNICs or the passports of the beneficial owner(s) and the proxy shall be furnished with the proxy form.
(vi) The proxy shall produce his/her valid original CNIC or original passport at the time of the Annual General Meeting.
(vii) In case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney, with specimen signature of the nominee, shall be submitted to the Bank along with the proxy form unless the same has been provided earlier.

C. Electronic Dividend Mandate:

Under the Section 242 of the Act, it is mandatory for all listed companies to pay cash dividend to their shareholders through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders.

In order to receive dividend directly into their bank account, shareholders are requested (if not already provided) to fill in the Shareholder Information Form for Electronic Credit of Cash Dividend available on the Bank's website and send it duly signed along with a copy of valid CNIC to the Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House 99-B, Block 'B', Sindhi Muslim Cooperative Housing Society (S.M.C.H.S), Main Shahra-e-Faisal, Karachi - 74400, in case of physical shares.

In case of shares held in CDC then Electronic Dividend Mandate Form must be directly submitted to shareholder's brokers/participant/CDC account services.

In case of non-receipt of information, the Bank will be constrained to withhold payment of dividend to shareholders.

D. Submission of valid CNIC (Mandatory):

As per SECP directives the dividend of shareholders whose valid CNICs, are not available with the Share Registrar could be withheld. All shareholders having physical shareholding are therefore advised to submit a photocopy of their valid CNICs immediately, if already not provided, to the Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block 'B', Sindhi Muslim Cooperative Housing Society (S.M.C.H.S), Main Shahra-e-Faisal, Karachi - 74400 without any further delay.

E. Unclaimed Dividend:

As per the provision of Section 244 of the Act, any shares issued or dividend declared by the Bank which have remained unclaimed/unpaid for a period of three years from the date on which it was due and payable are required to be deposited with Securities and Exchange Commission of Pakistan for the credit of Federal Government after issuance of notices to the shareholders to file their claim. The details of the shares issued, and dividend declared by the Bank which have remained due for more than three years were sent to shareholders. Shareholders are requested to ensure that their claims for unclaimed dividend and shares are lodged promptly. In case, no claim is lodged with the Bank in the given time, the Bank shall after giving notice in the newspaper proceed to deposit the unclaimed/unpaid amount and shares with the Federal Government pursuant to the provision of Section 244(2) of the Act.

F. Circulation/Transmission of Annual Audited Financial Statements and Notice of AGM to Members in Electronic Form:

The Bank's Annual Report is also being circulated to the members through DVD in compliance of Section 223(6) of the Act and as approved by the shareholders in their Extra-Ordinary General Meeting held on February 3, 2017. The same is being placed on the Bank's website: https://www.hbl.com/investor-relations/annual-accounts and the web-link is also e-mailed to the members whose registered e-mail addresses are available in the members' register.

Members are also requested to intimate change (if any) in their registered e-mail addresses to our Share Registrar for the above-mentioned purpose through consent form available on the Bank's website.

G. Conversion of Physical Shares into CDC Account:

The Shareholders having physical shareholding are encouraged to place their physical shares into scripless form as defined in Section 72(2) of the Act i.e.; "Every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act."

H. Participation in AGM through Electronic Means:

In light of the continuing threats posed due to COVID-19 pandemic and to protect wellbeing of the shareholders, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (**"SECP"**) has vide its Circulars issued from time to time directed the listed companies to hold general meetings through video link, webinar, zooming etc. in addition to the requirements of holding physical meeting.

Accordingly, the AGM would be held at the venue/via webinar and would be attended by the Directors of HBL, those who are available in Pakistan, by way of video link and by shareholders including holders of proxies assembling at the HBL Tower, Islamabad. The shareholders are encouraged to consolidate their physical attendance and voting at the AGM into as few people as possible through proxies. The following arrangements have been made by the Bank to further facilitate the participation of the shareholders in the 80th AGM:

- The shareholders interested in attending the HBL's AGM through webinar are requested to get themselves registered by sending their particulars to the Company Secretary HBL, at the designated email address (general.meetings@hbl.com), mentioning their names, folio number, email address by the close of business hours on **March 22, 2022**. The webinar link would be provided to the registered shareholders. The shareholders are also encouraged to send their comments/suggestions, related to the agenda items of the AGM on the above mentioned email address by **March 25, 2022**.
- As always, HBL intends, and undertakes, to hold the meeting in compliance with all applicable laws, and requirements, including for quorums, the keeping of minutes and voting while ensuring the safety of its shareholders, employees, directors and the public at large.

HBL HABIB BANK حبیب بینک

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعۂ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے حبیب بینک لمیٹڈ کا 80واں سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ، 30 مارچ 2022ء کو بوقت صبح 10:00 بجے HBL ٹاور، اسلام آباد میں منعقد ہوگا:

عمومی اُمور:

1. سال مختتمہ 31 دسمبر 2021ء کے حوالے سے بینک کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (مجموعی اور غیر مجموعی) مع اُن پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وُصولی، غور وخوض اور منظوری۔
2. آئندہ سالانہ اجلاسِ عام کی تکمیل پر ختم ہونے والی مدّت کے لیے 37.086 ملین روپے فیس پر آڈیٹرز کی تقرری۔ اس کے علاوہ، کسی بھی قسم کے وفاقی یا صوبائی محصولات (ٹیکسز) اور اضافی اخراجات کی ادائیگی اصل کے مطابق کی جائے گی۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز، KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، دوبارہ تقرری کے اہل ہیں اور اُنھوں نے اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔
3. سال مختتمہ 31 دسمبر 2021ء کے حوالے سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق، مورخہ 22 مارچ 2022ء کو کاروبار کے اختتام پر موجودہ شیئر ہولڈرز کو حتمی نقد منافعِ منقسمہ کی 2.25 روپے فی شیئر یعنی 22.5% کے حساب سے ادائیگی کی منظوری دینا، جو پہلے ہی ادا کردہ 52.5% انٹرم نقد منافعِ منقسمہ (یعنی 5.25 روپے فی شیئر) کے علاوہ ہے۔

خصوصی اُمور:

4. حبیب الائیڈ ہولڈنگ لمیٹڈ، UK (''HAHL'') میں الائیڈ بینک لمیٹڈ (''ABL'') کی مکمل شیئر ہولڈنگ خریدنے کی منظوری اور توثیق جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری سے مشروط ہوگی۔

HAHL ,(UK) حبیب بینک لمیٹڈ (''HBL'') کا ذیلی ادارہ (سبسڈری) ہے۔ فی الحال، HAHL میں HBL کی شیئر ہولڈنگ 90.50% ہے، جبکہ بقیہ 9.5% شیئر ہولڈنگ الائیڈ بینک کی ملکیت میں ہے۔ HBL کی تجویز ہے کہ HAHL میں ABL کی مکمل 9.5% شیئر ہولڈنگ خرید لی جائے جس کے نتیجے میں HAHL مکمل طور پر HBL کی زیرِ ملکیت سبسڈری بن جائے گا۔ ABL سے مجوزہ شیئر ہولڈنگ کے حصول کے بعد، HAHL مکمل طور پر HBL کی زیرِ ملکیت سبسڈری ہوگا۔ اس کی مدد سے HBL دو اداروں (HAHL اور HBL Bank UK) کو یکجا کر سکے گا اور ایک سطح میں کمی کے باعث قوانین پر عمل درآمد میں آسانی اور آپریشنل کارکردگی میں بہتری آئے گی۔

مذکورہ بالا مقصد کے لیے درج ذیل قرارداد پر بطور خصوصی قرارداد غور وخوض، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، ترمیم کے ساتھ یا بغیر، منظوری:

''قرار پایا کہ حبیب بینک لمیٹڈ (''بینک'') کو بذریعہ ہٰذا الائیڈ بینک لمیٹڈ (''ABL'') سے حبیب الائیڈ ہولڈنگ لمیٹڈ (''HAHL'') کے 9.5% حصص خریدنے کی اجازت دی جاتی ہے، جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری سے مشروط ہوگی۔''

''یہ بھی قرار پایا کہ مذکورہ بالا قرارداد کے نفاذ کے لیے، بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا کسی فرد یا افراد کو اختیار دیا جاسکتا ہے، اور بذریعہ ہٰذا ان میں سے ہر ایک کو ایسے تمام افعال، اقدامات اور معاملات کی انجام دہی اور بینک کے لیے اور بینک کی جانب سے اور بینک کے نام پر ایسے تمام افعال، معاہدوں، اعلان اور حلف ناموں پر عمل درآمد اور بجالانے کا اختیار دیا جاتا ہے جنھیں مذکورہ بالا سرمایہ کاری کے لیے یا اس ضمن میں وہ یا اُن میں سے کوئی ایک ضروری یا لازمی سمجھے، بشمول مذکورہ بالا کی عمومیت کو محدود کیے بغیر، کوئی منظوری، پابندی، یا اجازت جو اس کے لیے یا اس کے ضمن میں درکار ہو۔''

ایجنڈا 4 کے لیے کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 134(3) کے تحت مطلوبہ تفصیلات شیئر ہولڈرز کو بھیج دی گئی ہیں۔

بینک کے ڈائریکٹرز مذکورہ بالا قرارداد میں، بینک کے ڈائریکٹر ہونے کی حیثیت کے علاوہ کوئی بلاواسطہ یا بالواسطہ مفاد نہیں رکھتے۔

دیگر اُمور:

5. چیئرمین کی اجازت سے دیگر اُمور پر غور وخوض۔

حسب الحکم بورڈ
نیلوفر حمید
کمپنی سیکریٹری

9 مارچ 2022ء
کراچی

نوٹس:

1. سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد کے مقصد کے لیے اراکین (ممبرز) کا رجسٹر اور حصص منتقلی کی کتابیں (شیئر ٹرانسفر بُکس) مورخہ 24 مارچ 2022ء سے 30 مارچ 2022ء (بشمول دونوں دِن) بند رہیں گی۔
2. صرف وہ اشخاص سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں جن کے نام مورخہ 22 مارچ 2022ء کو بینک کے اراکین (ممبرز) کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔
3. سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ایک رُکن (ممبر) دوسرے کسی بھی رُکن (ممبر) کو اپنے پراکسی کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کرسکتا/کرسکتی ہے یا یہ کہ ایک کارپوریشن کسی ایسے شخص کو بھی اپنا پراکسی مقرر کرسکتی ہے جو ممبر (رُکن) نہ ہو، تاہم باضابطہ طور پر کارپوریشن کی جانب سے مجاز قرار دیا گیا ہو۔ پراکسی کی تقرری کی اطلاع اس سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہونا ضروری ہے۔
4. اراکین (ممبرز) سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی۔ 74400 کو مطلع کریں۔
5. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ سرکلر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000ء میں مذکورہ رہنما اُصولوں پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔
6. انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی شق 150 نیز فنانس ایکٹ، 2021ء کی رو سے منافعِ منقسمہ کی آمدن پر فائلر اور نان فائلر شیئر ہولڈرز سے بالترتیب 15% اور 30% وِدہولڈنگ ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ Active Tax-Payers List (ATL) میں موجود نہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلر ہیں، اُنھیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ نقد منافع کی ادائیگی کی تاریخ یعنی 30 مارچ 2022ء سے پہلے ATL میں اپنے موثر NTNs / CNICs کے ساتھ اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں تاکہ بینک نقد منافعِ منقسمہ کی رقم پر 30% کے بجائے 15% کٹوتی کرے۔

FBR کے مطابق، جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے 'فائلر/ نان فائلر' ہونے کی بنیاد پر اُن کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے لحاظ سے وِدہولڈنگ ٹیکس کا علیحدہ علیحدہ تعین کیا جائے گا۔ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کے حامل اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موجود شیئرز کے حوالے سے پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے شیئر کی ہولڈنگ کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو تحریری طور پر فراہم کریں۔ ہمارے رجسٹرار کو مطلوبہ معلومات کی عدم فراہمی کی صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز مساوی تناسب سے شیئرز کے حامل ہیں۔

A. سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے مطلوبہ عوامل:

i) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل اور موثر کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، سالانہ اجلاسِ عام کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرنا ہوں گے، تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کردیے گئے ہوں۔

B. پراکسیز کی تقرری کے لیے مطلوبہ عوامل:

i) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، وہ مذکورہ بالا مطلوبہ معیار کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii) پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی موجود ہوگی، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

iii) پراکسی فارم کے ساتھ فائدہ حاصل کرنے والے مالکان کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول فراہم کی جائیں گی۔

iv) پراکسی کی جانب سے سالانہ اجلاسِ عام کے وقت اپنا اصل اور موثر CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کیا جائے گا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، ادارہ بینک کو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرے گا (تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کردیے گئے ہوں)۔

C. الیکٹرانک منافعِ منقسمہ کا استحقاق:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی شق 242 کے تحت تمام درج شدہ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو زرِ نقد منافعِ منقسمہ کی ادائیگی، اہل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست الیکٹرانک طریقہ کار سے منتقل کریں۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، اپنے بینک اکاؤنٹ میں منافعِ منقسمہ کی براہِ راست وُصولی کے لیے، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ پر موجود بینک کا استحقاقی فارم برائے زرِ نقد منافعِ منقسمہ کی الیکٹرانک منتقلی (Bank Mandate Form for Electronic Credit of Cash Dividend) کو پُر کریں اور اس پر دستخط کر کے موثر CNIC کی نقل کے ساتھ شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی 74400 کو ارسال کردیں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہو)۔

شیئرز CDC کے پاس ہونے کی صورت میں، الیکٹرانک منافعِ منقسمہ کا استحقاقی فارم (Electronic Dividend Mandate Form) لازمی طور پر براہِ راست شیئر ہولڈر کے CDC/Participant/Broker اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروایا جائے۔

معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں، بینک شیئر ہولڈرز کو منافعِ منقسمہ کی ادائیگی روک لینے پر مجبور ہوگا۔

D. موثر CNIC جمع کروانے کا عمل (لازمی):

SECP کی ہدایات کے مطابق، ایسے شیئر ہولڈرز کو، جن کے موثر CNICs شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں، منافعِ منقسمہ کی ادائیگی موقوف کی جاسکتی ہے۔ اس لیے فزیکل شیئرز رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے موثر CNIC کی نقل فوری طور پر شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی 74400 کے پاس بلا تاخیر جمع کروائیں (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی)۔

E. غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی شق 244 کے مطابق، بینک کی جانب سے جاری شدہ کوئی بھی شیئرز یا اعلان شدہ منافعِ منقسمہ جو اپنے واجب الادا اور قابلِ ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کے عرصے تک غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ رہے، تو شیئر ہولڈرز کو اپنا دعویٰ جمع کروانے کا نوٹس جاری کرنے کے بعد، اُسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کروایا جانا ضروری ہے تاکہ اسے وفاقی حکومت کو منتقل کردیا جائے۔ بینک کی جانب سے ایسے جاری شدہ شیئرز اور اعلان کردہ منافعِ منقسمہ کی تفصیلات، جو تین سال سے زائد کے عرصے سے واجب الادا ہیں، شیئر ہولڈرز کو ارسال کردی گئی تھیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ اور شیئرز کے حوالے سے دعووں کے بروقت اندراج کو یقینی بنائیں۔ مذکورہ مدّت میں بینک کے پاس کسی قسم کا دعویٰ دائر نہ ہونے کی صورت میں، کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی شق 244(2) کے تحت، بینک، اخبار میں نوٹس کی اشاعت کے بعد، غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ رقم اور شیئرز وفاقی حکومت کے پاس جمع کروادے گا۔

F. سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام کی ممبرز کو الیکٹرانک طریقے سے فراہمی/ ترسیل:

بینک کی سالانہ رپورٹ ممبران کو DVD کے ذریعے فراہم کی جارہی ہے جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223(6) کی تعمیل ہے اور یہ شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاسِ عام، جو 3 فروری 2017ء کو منعقد ہوا تھا، میں منظور شدہ ہے۔ یہ رپورٹ بینک کی ویب سائٹ www.hbl.com/investor-relations/annual-accounts پر بھی مہیا کردی گئی ہے اور اس کا ویب لنک اُن ممبران کو ای میل کردیا گیا ہے جن کے ای میل ایڈریس ممبر رجسٹر میں موجود ہیں۔

ممبران سے درخواست بھی کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی کی صورت میں، بینک کی ویب سائٹ پر مہیا فارم کے ذریعے ہمارے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا مقصد کے لیے آگاہ کریں۔

G. فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹ میں منتقلی:

فزیکل شیئر رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز اسکریپ لیس فارم میں رکھیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 72(2) میں درج ہے کہ ''ہر موجودہ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو SECP کی جانب سے واضح کردہ بُک انٹری فارم میں تبدیل کرے اور SECP کی جانب سے دی جانے والی تاریخ سے متعلقہ ایکٹ کے نفاذ سے چار سال کے اندر تعمیل کرے۔''

H. الیکٹرانک ذرائع سے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:

کورونا وائرس کی وبا کے باعث مستقل خطرات کے پیشِ نظر اور شیئر ہولڈرز کی صحت کے تحفظ کے لیے، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') نے اپنے وقتاً فوقتاً سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو فزیکل اجلاس منعقد کرنے کے ساتھ ویڈیو لنک، Webinar، Zoom وغیرہ کے ذریعے بھی اجلاسِ عام منعقد کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

چنانچہ، سالانہ اجلاسِ عام اپنے مقام پر اور Webinar کے ذریعے منعقد ہوگا اور اس میں HBL کے پاکستان میں موجود ڈائریکٹرز، شیئر ہولڈرز بشمول پراکسی ہولڈرز بذریعہ ویڈیو لنک اور HBL ٹاور، اسلام آباد میں شرکت کرسکیں گے۔ شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ پراکسیز کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں اپنی بذاتِ خود شرکت اور ووٹنگ کو کم سے کم لوگوں تک محدود رکھیں۔ 80ویں سالانہ اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کی شرکت میں مزید سہولت کے لیے، بینک کی جانب سے درج ذیل انتظامات کیے گئے ہیں:

- HBL کے سالانہ اجلاسِ عام میں Webinar کے ذریعے شرکت میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ بینک کے مقررہ ای میل ایڈریس (general.meetings@hbl.com) پر کمپنی سیکریٹری HBL کو اپنے کوائف، بشمول اپنے نام، فولیو نمبر، ای میل ایڈریس 22 مارچ 2022ء کو کاروباری اوقات ختم ہونے تک بھیج کر رجسٹر ہوجائیں۔ رجسٹر ہونے والے شیئر ہولڈرز کو Webinar کا لنک فراہم کردیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا کے نکات سے متعلق اپنے تبصرے/ تجاویز بھی 25 مارچ 2022ء تک مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں۔
- اپنے شیئر ہولڈرز، عملے، ڈائریکٹرز اور عوام الناس کی حفاظت یقینی بناتے ہوئے، HBL، ہمیشہ کی طرح، تمام نافذ العمل قوانین، اور تقاضوں، بشمول quorums، minutes رکھنے اور ووٹنگ سے متعلق پر عمل درآمد کے ساتھ اجلاس منعقد کرنے کا ارادہ اور عہد رکھتا ہے۔